In the name of Allah the Most Gracious the Ever Merciful

بسم اللہ الرحمن الرحیم

Press Desk

Ahmadiyya Muslim Jamaat
INTERNATIONAL
(INDIA)

شعبہ پریس اینڈ میڈیا بھارت
Office Press & Media
Ahmadiyya Muslim Jama'at India,
Qadian-143516, Distt.Gurdaspur, Punjab, India.
Mobile: +91-99887 57988
Email: pressamjindia@gmail.com
Tel: +91-1872-500282
ahmadiyya_press ahmadiyyapressindia

(A Registered Religious and Charitable Society in India under the Societies Registration Act XXI 1860)

زیر حوالہ/Ref SPM-207
تاریخ/Date 14-08-2025

وطن سے محبت اور وفاداری ہر مسلمان کے ایمان کا جزو ہے

تمام دیش واسیوں کو آزادی کی سالگرہ بہت بہت مبارک ہو

یوم آزادی کے اس مبارک موقعہ پر احمدیہ مسلم جماعت بھارت کی طرف سے تمام دیش واسیوں کو دل کی عمیق گہرائیوں سے مبارک باد پیش ہے۔اس مبارک موقعہ پر ہم آزادی ہند کی مہم میں شامل ہونے والے تمام محبان وطن کو یاد کرتے ہیں اور ان کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں جنہوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرتے ہوئے ہماری نسلوں کو آزادی کی فضا میں سانس لینے کا موقعہ دیا۔

ہندوستان ایک جمہوری ملک ہے۔اس ملک کا ہر شہری اس ملک کی ترقی میں برابر شریک ہوتا ہے۔ یوم آزادی کا یہ موقعہ ہمیں توجہ دلاتا ہے کہ ہمارے اپنے ملک کے اور اس ملک کے لوگوں کے تئیں بھی کچھ حقوق ہیں۔

بانئ جماعت احمدیہ حضرت مرزا غلام احمد قادیانی علیہ السلام اپنے دیش واسیوں کو باہمی ہمدردی کے متعلق نصیحت فرماتے ہوئے بیان فرماتے ہیں کہ:

”اے ہموطنو! وہ دین دین نہیں جس میں عام ہمدردی کی تعلیم نہ ہو اور نہ وہ انسان انسان ہے جس میں ہمدردی کا مادہ نہ ہو۔ ہمارے خدا نے کسی قوم سے فرق نہیں کیا۔ مثلاً جو انسانی طاقتیں اور قوتیں آریہ ورت کی قدیم قوموں کو دی گئی ہیں وہی تمام قوتیں عربوں اور فارسیوں اور شامیوں اور چینیوں اور جاپانیوں اور یورپ وامریکہ کی قوموں کو بھی عطا کی گئی ہیں... یہ اخلاق ربانی ہمیں سبق دیتے ہیں کہ ہم بھی اپنے بنی نوع انسان سے مروت اور سلوک کے ساتھ پیش آویں اور تنگ دل اور تنگ دست نہ بنیں۔“

(کتاب پیغام صلح)

امام جماعت احمدیہ عالمگیر حضرت مرزا مسرور احمد صاحب خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز وطن سے محبت کے متعلق فرماتے ہیں:

''حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے یہ تعلیم دی ہے کہ ''وطن سے محبت ایمان کا حصہ ہے''۔ لہٰذا اسلام اپنے ہر پیروکار سے مخلصانہ حب الوطنی کا تقاضا کرتا ہے۔ خدا اور اسلام سے سچی محبت کرنے کے لئے کسی بھی شخص کے لئے لازمی ہے کہ وہ اپنے وطن سے محبت کرے۔ لہٰذا یہ بالکل واضح ہے کہ کسی شخص کی خدا سے محبت اور وطن سے محبت کے درمیان کوئی ٹکراؤ نہیں ہوسکتا۔ چونکہ وطن سے محبت کو اسلام کا ایک رکن بنا دیا گیا ہے اس لئے یہ واضح ہے کہ ایک مسلمان کو اپنے وطن سے وفاداری کے اعلیٰ معیار حاصل کرنے کے لئے کوشش کرنی چاہئے کیونکہ یہ خدا سے ملنے اور اس کا قرب حاصل کرنے کا ایک ذریعہ ہے۔ اس لئے یہ ناممکن ہے کہ ایک حقیقی مسلمان کی خدا سے محبت، اس کی وطن سے سچی محبت اور وفاداری کی راہ میں کبھی رکاوٹ کا باعث بنے۔''

اسلام ملکی قوانین کی پیروی اور پاسداری کا حکم دیتا ہے اور کسی بھی ملک کے باشندے کو یہ نصیحت کرتا ہے کہ وہ ہر ایسی حرکت سے مجتنب رہے جو غیر اخلاقی، ناپسندیدہ اور بغاوت کا کوئی پہلو اپنے اندر رکھتی ہو۔

جماعت احمدیہ بھارت تمام دیش واسیوں کو اس موقعہ پر یہ پیغام دیتی ہے کہ ملکی امن، اسکی ترقی اور اس کے فلاح و بہبود کے لئے ہندستان کا ہر شہری اپنا مثبت اور نمایاں کردار نبھانے کی کوشش کرے۔ اس کے ساتھ ہی یوم آزادی کے اس مبارک دن ذات پات، اونچ نیچ، امیر غریب، ہندو مسلم، سکھ عیسائی جیسی کھائیوں کو پاٹتے ہوئے انسانیت کے مذہب کو اپنا کر ایک حسین معاشرہ تشکیل دے۔

احمدیہ مسلم جماعت بھارت اس موقعہ پر یہ دعا کرتی ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمارے وطن عزیز بھارت کو امن کا گہوارہ بنائے رکھے اور اس کو عظیم ترقیات سے نوازے۔ آمین

انچارج شعبہ پریس اینڈ میڈیا بھارت